اللہ بھی تدریسی خدمات سرانجام دے رہے تھے۔

مولانا محترم نے تحریری کام بھی بہت کیا اور خوب کیا، اردو اور عربی میں ان گنت مقالات اور کتب لکھیں.....تراجم کئے، تفسیر ابن قیم رحمہ اللہ، خطبات استاذ مصطفیٰ سباعی رحمہ اللہ اور شیخ حسن البناء شہید رحمہ اللہ کی ڈائری کے تراجم کر کے آپ نے علم وادب اور تفسیری ذخیرہ میں گرانقدر اضافہ فرمایا ہے۔ ان کا معتد بہ حصہ ''المنیر'' اور پھر ''المنبر'' میں شائع ہو چکا ہے، ان کے علاوہ متعدد موضوعات پر تحقیقی کتب لکھیں۔ جن میں ''عظمت حدیث''، ''انتخاب حدیث''، ''معیاری خاتون''، ''حقیقت دعا''، ''رمضان المبارک''، ''خطبہ نکاح'' ''قرآن فہمی کے بنیادی اصول''، ''سنت اور اتحاد ملت''، ''سنت قرآن حکیم کی روشنی میں'' اور ''دین میں غلو'' خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ مولانا محترم نے تحریک ختم نبوت، اسلامی نظریاتی کونسل، مدینہ یونیورسٹی، دارالافتاء، کلیۃ الحدیث مدینہ منورہ میں نا صرف بھرپور خدمات سرانجام دیں بلکہ قائدانہ کردار بھی ادا کیا، جو انکی مجاہدانہ زندگی کی عکاسی کرتا ہے۔

مولانا عبدالغفار حسن عمر پوری رحمہ اللہ نے اپنے فرزندانِ گرامی کو بھی دینی و دنیوی علوم سے بہرہ ور فرمایا ......مولانا عبدالغفار رحمہ اللہ کے تمام صاحبزادے، بلکہ ان کے پوتے بھی مختلف ممالک میں اشاعتِ اسلام اور دین کی تبلیغ کا فریضہ سرانجام دے رہے ہیں۔ (ذالک فضل اللّٰہ یؤتیہ من یشاء) وطنِ عزیز بلکہ عالم اسلام کے یہ عظیم فرزند عرصہ دراز سے صاحب فراش تھے۔ بالآخر یہ علم وعمل کے چراغ اور اباجی رحمہ اللہ کے رفیق کار بروز جمعرات 22 مارچ 2007ء دوپہر 11.00 بجے اسلام آباد میں 94 برس کی عمر میں سوئے خلدِ بریں ہوئے۔

**اللّٰھم اغفرلہ وارحمہ و عافہ واعف عنہ و اکرم نزلہ ووسع مدخلہ و ادخلہ جنت الفردوس، و اغفرلہ ولوالدیہ ووالدی وارحمھم رحمۃ واسعۃ وارفع درجاتھم (امین)**

(بشکریہ: ماہنامہ ''علم وعمل''، فیصل آباد)

## خورشید احمد بن حاجی عبدالرحیم کو دوہرا صدمہ

حاجی عبدالرحیم مرحوم کے صاحبزادے خورشید احمد (خورشید جیولرز مین بازار) کو گذشتہ دنوں دوہرا صدمہ برداشت کرنا پڑا، جب مورخہ 14 مئی کو ان کے بڑے بھائی ظفر محمود کا رادھرم برطانیہ میں انتقال ہوا۔ اس سے صرف بائیس روز قبل ان کے سب سے بڑے بھائی محمد اجمل کا مانچسٹر برطانیہ میں انتقال ہوا تھا (انا للّٰہ وانا الیہ راجعون) اللہ تعالیٰ انہیں اس صدمہ در صدمہ کو برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور مرحومین کی مغفرت فرمائے۔ ان کی غائبانہ نماز جنازہ مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں نماز جمعہ کے بعد ادا کی گئی جس میں ان کے عزیز اقارب نے شرکت کی۔

# نتائج سالانہ امتحانات جامعہ علوم اثریہ

سابقہ روایات کے مطابق امسال بھی جامعہ کے زیر اہتمام ششماہی امتحانات مورخہ 4 اپریل بروز بدھ شروع ہوئے اور مورخہ 12 اپریل بروز جمعرات اختتام پذیر ہوئے۔

جس میں قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ کا نتیجہ 93 فیصد اور شعبہ تحفیظ القرآن الکریم کا نتیجہ 100 فیصد رہا۔ جبکہ قسم قراءۃ القرآن الکریم نظرہ کے طلباء کا امتحان جاری ہے۔

## شعبہ کتب میں جامعہ بھر میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ

اوّل: عبدالقدیر ثانی: عمر فاروق ثالث: عبداللہ وقار

## اپنی اپنی کلاس میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء

| نمبر شمار | نام | جماعت | مضامین | کل نمبر | حاصل کردہ نمبر | پوزیشن |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | عمر فاروق | ثانیہ عالیہ | 13 | 520 | 490 | اوّل |
| 2 | فضل اللہ | ثانیہ عالیہ | 13 | 520 | 480 | دوم |
| 3 | عبدالقدیر | ثانیہ عالیہ | 13 | 520 | 477 | سوم |
| 4 | عثمان شاہ | اُولیٰ عالیہ | 13 | 520 | 469 | اوّل |
| 5 | عبدالرحمان | اُولیٰ عالیہ | 13 | 520 | 462 | دوم |
| 6 | محمد کاشف | اُولیٰ عالیہ | 13 | 520 | 449 | سوم |
| 7 | محمد قاسم | ثالثہ ثانوی | 13 | 520 | 394 | اوّل |
| 8 | عبدالصبور | ثالثہ ثانوی | 13 | 520 | 379 | دوم |
| 9 | محمد منصور | ثالثہ ثانوی | 13 | 520 | 374 | سوم |
| 10 | عبدالمقیت | ثانیہ ثانوی | 13 | 520 | 399 | اوّل |
| 11 | رضوان مختار | ثانیہ ثانوی | 13 | 520 | 351 | دوم |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 12 | محمد سلیمان | ثانیہ ثانوی | 13 | 520 | 315 | سوم |
| 13 | محمد طاہر | اُولیٰ ثانوی | 13 | 520 | 472 | اوّل |
| 14 | نوید احمد | اُولیٰ ثانوی | 13 | 520 | 469 | دوم |
| 15 | نور محمد | اُولیٰ ثانوی | 13 | 520 | 334 | سوم |
| 16 | عبدالقدیر | ثالثہ متوسطہ | 13 | 520 | 492 | اوّل |
| 17 | عبداللہ | ثالثہ متوسطہ | 13 | 520 | 453 | دوم |
| 18 | عبدالسلام | ثالثہ متوسطہ | 13 | 520 | 452 | سوم |
| 19 | مدثر حسین | ثانیہ متوسطہ | 13 | 520 | 370 | اوّل |
| 20 | محمد سلیم | ثانیہ متوسطہ | 13 | 520 | 367 | دوم |
| 21 | اویس اللہ | ثانیہ متوسطہ | 13 | 520 | 363 | سوم |
| 22 | عبداللہ وقار | اُولیٰ متوسطہ | 13 | 520 | 487 | اوّل |
| 23 | اقدس حسین | اُولیٰ متوسطہ | 13 | 520 | 444 | دوم |
| 24 | عطاء الرحمان | اُولیٰ متوسطہ | 13 | 520 | 437 | سوم |

## شعبہ حفظ میں جامعہ بھر میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء

اوّل: طاہر زماں دوم: ثناء اللہ، ابوبکر سوم: محمد سلیمان

| حلقات | اوّل | دوم | سوم |
|---|---|---|---|
| (1) حلقہ ابوبکر صدیقؓ | طاہر زماں | ثناء اللہ، ابوبکر | محمد سلیمان |
| (2) حلقہ عمر فاروقؓ | ممتاز الدین | عبدالرقیب | سفر الدین |
| (3) حلقہ عثمان غنیؓ | ضیاء اللہ، انعام اللہ | حماد، لطف اللہ | مطیع اللہ، سیف اللہ، ذکی الرحمان |
| (4) حلقہ علی المرتضیٰؓ | عثمان غنی | ظہور احمد | اعجاز احمد، فضل الٰہی |

مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں

# سیرت شافع محشر ﷺ کانفرنس و محفل حمد و نعت

مورخہ 17 مئی بروز جمعرات بعد نماز عشاء مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں سیرت شافع محشر ﷺ کانفرنس و محفل حمد و نعت زیر صدارت رئیس الجامعہ منعقد ہوئی جس میں فیصل مسجد کے خطیب عظیم سکالر پروفیسر عبدالجبار شاکر نے مدلل علمی خطاب کیا جس سے عوام الناس بڑے متاثر ہوئے علاوہ ازیں مولانا عتیق الرحمٰن طاہر اور مولانا حافظ محمد اسحاق اوکاڑوی نے بڑا شاندار خطاب کیا۔

شعرائے اسلام قاری عبدالوہاب صدیقی، قاری فداء الرحمٰن طیب اور قاری سلیم اللہ مدنی نے بڑے خوب صورت انداز میں حمد و نعت پیش کی جس سے عوام بڑے محظوظ ہوئے

## وفیات

### مبین احمد (کوٹلہ ائمہ) کو صدمہ

مورخہ 29 مارچ بروز جمعرات مبین احمد (کوٹلہ ائمہ) کی والدہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پاگئیں (انا للّٰہ وانا الیہ راجعون) مرحومہ نماز پنجگانہ کی پابندی کے ساتھ ساتھ بڑی ہی پرہیز گار اور بااخلاق خاتون تھیں۔ان کی نماز جنازہ کوٹلہ ائمہ میں مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

### عامر سلیم علوی کو صدمہ

مورخہ 25 اپریل بروز بدھ عامر سلیم علوی سیکرٹری جنرل اہل حدیث یوتھ فورس ضلع جہلم کے چچا محمد مشتاق علوی سیالکوٹ میں وفات پاگئے (انا للّٰہ وانا الیہ راجعون)

مرحوم حضرت مولانا حافظ عبدالغفور رحمہ اللہ کے پرانے ساتھیوں میں سے تھے اور تحریک ختم نبوت میں بھرپور حصہ لیا ان کو یہ شرف حاصل ہے کہ جب مسجد چوک اہل حدیث کا مینار مکمل ہوا تو مینار پر لاؤڈ سپیکر خود اپنی طرف سے لگایا اس وقت مرحوم نیا بازار میں لاؤڈ سپیکر کا کام کرتے تھے۔

ادارہ ’’حرمین‘‘ وجامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)